© rasailojaraid.com

یہ طبی رسالہ جون ۱۹۳۹ء سے شائع ہونا شروع ہوا ہے اس کا مقصد عام فہم اور آسان زبان میں طبی معلومات کو عام لوگوں تک پہنچانا معلوم ہوتا ہے۔ طبی مضامین کے علاوہ مجربات اور قدیم بیاضوں کے نسخے بھی ہوتے ہیں اور پھر لطف و تفریح کے لیے ادبی افسانے بھی درج کیے جاتے ہیں ہمیں ڈاکٹر سید علی اکبر آزاد صاحب ایسے قابل طبیب اور تجربہ کار اڈیٹر سے توقع ہے کہ اگر وہ استقلال کے ساتھ کام کرتے رہے تو یہ رسالہ بہت جلد کامیاب ہو جائیگا اور طبی رسائل کی صف میں اپنے لیے ایک ممتاز جگہ حاصل کرلیگا۔

**مسیح الملک** اڈیٹر حکیم محمد مظفر الدین صاحب اجملی و حکیم محمد طاہر صاحب سلیم ضخامت ۲۰ صفحات تقطیع متوسط۔ کتابت طباعت کاغذ متوسط سالانہ چندہ عہ

ملنے کا پتہ: قرول باغ نئی دہلی۔

یہ طبی رسالہ جامعہ طبیہ دہلی کے واحد ترجمان کی حیثیت سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اب تک اس کے چھ نمبر نکل چکے ہیں۔ جامعہ طبیہ کے بانی حکیم کبیر الدین صاحب دنیائے طب کی مشہور شخصیت ہیں۔ اس رسالہ میں جناب موصوف اور دوسرے مشہور اطبا، گرامی مرتبت کے مفید پر از معلومات مضامین ہوتے ہیں۔ سوالات و جوابات کا بھی اس میں ایک مستقل باب ہے اور طبی تحریکات اور ترقیوں کا ذکر بھی ہوتا رہتا ہے۔ اگر اساتذۂ جامعہ نے اس پر توجہ کی اور اڈیٹر صاحبان محنت کرتے رہے تو قوی توقع ہے کہ رسالہ کامیاب ہوگا۔ حکیم کبیر الدین صاحب کی ذات گرامی کے ساتھ اس رسالہ کا انتساب اور ممدوح کا اس کے لیے مضامین لکھنا اس کے مستقبل کے متعلق اچھی امیدیں قائم کرنے کا کفیل ہے۔

**نظمیں بالغ مبتدیوں کے لیے** از جناب محمد شفیع الدین صاحب نیر مصنف بچوں کا تحفہ وغیرہ سائز ۲۷×۱۸/۱۷ صفحات ۱۶ کتابت طباعت عمدہ اور جلی قیمت ۰۔

© rasailojaraid.com